**06.01.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .................. مہتاب علی

**Music**

- ☆ راجیہ سبھا میں صدر کے خطبے پر شکریئے کی تحریک پر بحث جاری ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی آج سہ پہر ایوان بالا میں تحریک کا جواب دیں گے۔
- ☆ ڈاکٹر ایس جے شنکر امریکہ سے واپس بھیجے جانے والے بھارتی شہریوں کے بارے میں راجیہ سبھا میں بیان دیں گے۔
- ☆ ملک بھر کے 8 ہزار سے زیادہ قبائلی نوجوان آج پریاگ راج کے مہاکنبھ میں جن جاتیہ یووا کنبھ میں حصہ لے رہے ہیں۔
- ☆ امریکہ کی ڈاک خدمات نے چین اور ہانگ کانگ سے آنے والے پارسل کو روکنے کا اپنا فیصلہ واپس لے لیا ہے۔
- ☆ اور کرکٹ میں: ناگپور میں بھارت اور انگلینڈ کے درمیان پہلا ایک روزہ بین الاقوامی میچ کھیلا جارہا ہے، انگلینڈ نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM REPLY IN RS**

وزیر اعظم نریندر مودی پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب پر شکریے کی تحریک پر آج راجیہ سبھا میں جواب دیں گے۔ جناب مودی آج شام ایوانِ بالا میں جواب دیں گے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے یہ اطلاع دی۔ دو دن پہلے لوک سبھا نے صدرِ جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک منظور کی تھی۔ x

**PARL-EAM STATEMNT LS ADJOURN**

امریکہ سے بھارتی شہریوں کو وطن واپس بھیجے جانے کے معاملے پر اپوزیشن کی جانب سے بحث کے مطالبے پر آج پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں شور و غل جاری رہا۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اِس معاملے پر راجیہ سبھا میں دوپہر دو بجے

بیان دینے والے ہیں۔ لوک سبھا میں دوپہر 12 بجے ، جب ایوان کی کارروائی پھر شروع ہوئی تو کانگریس، DMK، TMC ، سماج وادی پارٹی اور دیگر سمیت اپوزیشن ارکان نے Deportation کے معاملے پر اپنا احتجاج جاری رکھا اور نعرے بازی شروع کردی۔ وہ اِس معاملے پر احتجاج کرتے ہوئے، ایوان کے وسط میں آگئے اور بحث کا مطالبہ کیا۔ صدرنشیں نے اپوزیشن پارٹیوں سے ایوان کی کارروائی چلنے دینے کی اپیل کی لیکن اِس کا کوئی اثر نہیں ہوا۔ بعد میں لوک سبھا کی کارروائی دوپہر دو بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔

راجیہ سبھا میں بھی اِس معاملے پر کارروائی میں رخنہ اندازی ہوئی۔ جب آج صبح ایوان کی کارروائی شروع ہوئی تو اپوزیشن کے ممبران نے امریکہ سے بھارتی شہریوں کو وطن واپس بھیجے جانے کے معاملے پر احتجاج شروع کردیا اور بحث کا مطالبہ کیا۔ شور وغل کے درمیان نائب صدرِنشیں ہری وَنش نے ایوان کی کارروائی دوپہر 12 بجے تک کیلئے ملتوی کردی۔ بعد میں جب ایوان کی کارروائی پھر شروع ہوئی تو صدرنشیں جگدیپ دھنکھڑ نے ایوان کو مطلع کیا کہ وزیر خارجہ اِس معاملے پر بیان دیں گے۔ x

## <u>OPPOSITION - PROTEST</u>

امریکہ سے بھارتی شہریوں کو وطن واپس بھیجے جانے کے معاملے پر اپوزیشن کانگریس اور سماج وادی پارٹی کے ارکانِ پارلیمنٹ نے آج پارلیمنٹ کے باہر احتجاج کیا۔ کانگریس کے رکنِ پارلیمنٹ ششی تھرور نے کہا کہ جس طریقے سے امریکہ نے بھارتی شہریوں کو واپس وطن بھیجا ہے، پارٹیوں نے ، اس پر احتجاج کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اُن کے ملک میں غیرقانونی طور پر رہ رہے لوگوں کو انہیں واپس بھیجنے کا قانونی حق حاصل ہے لیکن جس طریقے سے یہ کیا گیا ، وہ قابلِ قبول نہیں ہے۔

## <u>RS-STUDENT CONFILCT ZONE</u>

وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے آج کہا ہے کہ بیرونی ملکوں میں تعلیم حاصل کرنے والے بھارتی طلباء کا تحفظ اور بہبود حکومت کی ترجیح ہے۔ راجیہ سبھا میں ضمنی سوالوں کے جواب دیتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ حکومت نے، اُن بھارتی طلباء کے مفادات کا تحفظ کرنے کیلئے کئی اقدامات کئے ہیں، جو جنگی علاقوں سے واپس آئے ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ حکومت کو ان طلباء سے ہمدردی ہے اور ان کی فلاح وبہبود کیلئے فکرمند ہے۔ اس بات کا ذکر کرتے ہوئے کہ حکومت نے جنگی علاقوں سے سینکڑوں طلباء کو واپس لایا ہے، وزیر موصوف نے کہا کہ حکومت نے یوکرین سے آنے والے میڈیکل کے طلباء کو اس بات کی اجازت دے دی ہے کہ وہ کسی تیسرے ملک میں اپنے تعلیمی پروگرام کو منتقل کرسکتے ہیں۔ انہیں بھارت میں پریکٹیکل امتحان کی بھی اجازت دی گئی ہے۔ جناب جے شنکر نے مزید بتایا کہ ایسے خطوں سے آنے والے طلباء کو کئی مواقع فراہم کئے گئے ہیں، مثلاً ملک میں گزشتہ 10 برس کے دوران 75 ہزار اضافی میڈیکل سیٹیں قائم کی گئی ہیں۔×

**VAISHNAV OPEN AI**

اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کَل نئی دلّی میں Open AI کے CEO، Sam Altman سے ملاقات کی۔ جناب ویشنو نے بتایا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے اُنھیں ٹکنالوجی کو جمہوری طرز پر ڈھالنے میں رہنمائی کی ہے اور جناب Altman نے وزیر اعظم کے نظریے کی ستائش کی۔

وزیر موصوف نے بتایا کہ انھوں نے Open AI کے CEO کے ساتھ انتہائی خوشگوار ماحول میں بات چیت کی۔ جناب ویشنو کے مطابق ملاقات کے دوران پورے AI نظام جیسے GPUs، ماڈل اور ایپ تیار کرنے پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ Open AI، تینوں شعبوں میں اشتراک کیلئے تیار ہے۔

**MAHAKUMBH-YUVA MAHOTSAV**

پریاگ راج میں جاری مہاکنبھ میں 'جَن جاتی سانسکرِتِک سماگم 2025' کے تحت جن جاتیہ یووا کنبھ کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ یووا کنبھ میں ملک بھر سے 8 ہزار سے زیادہ قبائلی نوجوان حصہ لے رہے ہیں۔ پانچ روزہ تقریب کے دوران ہر کوئی قبائلی ثقافت اور روایات کے تحفظ کی خاطر عہد لے گا۔ قبائلی امور کے مرکزی وزیر مملکت دُرگا داس بھی اِس موقع پر موجود ہیں۔ 13 جنوری کو شروع ہوئے مہا کنبھ میں اب تک تریوینی سنگم پر 39 کروڑ سے زیادہ عقیدتمند پوِتر ڈُبکی لگا چکے ہیں۔ x

**PARIKSHA PE CHARCHA NEW FORMAT**

طلباء کے ساتھ بات چیت پر مبنی آٹھواں پریکشا پہ چرچہ پروگرام ، اِس مرتبہ ایک نئے فارمیٹ کے ساتھ ہوگا، جس کے 8 ایپی سوڈ ہوں گے۔ یہ پروگرام اِس ماہ کی 10 تاریخ کو نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں ہوگا۔ وزارتِ تعلیم نے ایک بیان میں کہا ہے کہ پروگرام کے نئے فارمیٹ کے تحت مختلف شعبوں سے وابستہ سرکردہ شخصیات طلباء سے بات چیت کریں گی اور اپنے تجربات اور معلومات سے انہیں آگاہ کریں گی۔ وزارت نے مطلع کیا ہے کہ اِس پروگرام میں ہر ریاست اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے مختلف اسکولوں سے 36 طلباء کو منتخب کیا گیا ہے، جو وزیر اعظم نریندر مودی سے براہ راست بات چیت کریں گے۔ اس نے مزید کہا ہے کہ پہلے ایپی سوڈ میں وزیر اعظم طلباء کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

یہ پروگرام دور درشن Swayam، Swayam Prabha ، پی ایم او کے یو ٹیوب چینل، وزارتِ تعلیم اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے سوشل میڈیا چینلوں پر براہِ راست نشر کیا جائے گا۔ x

**DELHI ELECTION-EVMs**

کل دلّی اسمبلی انتخابات کی پُر امن پولنگ کے بعد الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کو Strong Room میں رکھا گیا ہے۔

انتخابی کمیشن اور پولیس حکام ، اِن Strong Room کی مسلسل نگرانی کررہے ہیں۔ انتخابی ادارے نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ووٹوں کی گنتی کیلئے دلّی کے 11 ضلعوں میں 19 مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ ہفتے کے روز ووٹوں کی گنتی سے 70 سیٹوں کیلئے 699 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ ہوگا۔ دلّی اسمبلی انتخابات میں کُل 60 اعشاریہ چار دو فیصد ووٹنگ درج کی گئی۔ x

**<u>USPS-CHINA</u>**

امریکہ کی ڈاک خدمات USPS، چین اور ہانگ کانگ سے آنے والے پارسل کو روکنے کے اپنے فیصلے سے پیچھے ہٹ گئی ہے۔ یہ قدم اُس نے تجارت میں بڑے پیمانے پر خلل پڑنے کے خدشے کے پیش نظر اٹھایا ہے۔ میڈیا کی خبروں کے مطابق چین اور ہانگ کانگ سے آنے والے پارسل کو روکنے کا فیصلہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے چین پر لگائے گئے محصول کا نتیجہ تھا۔ USPS نے کل بتایا کہ وہ کسٹمز اور سرحدی محافظوں کے ساتھ مل کر کام کررہی ہے، تاکہ چین کے نئے محصولات کی وصولی کا ایک مؤثر طریقہ کار شروع کیا جاسکے، جس سے اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ پارسل کے پہنچنے میں کم سے کم خلل پڑے۔x

**<u>CRICKET-IND VS ENG</u>**

مردوں کے کرکٹ میں بھارت اور انگلینڈ کے درمیان تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کا پہلا میچ آج مہاراشٹر کے ناگپور میں ودربھ کرکٹ ایسوسی ایشن اسٹیڈیم میں کھیلا جارہا ہے۔ انگلینڈ نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اب سے کچھ دیر پہلے تک انگلینڈ نے 6 اوورس میں بغیر کسی وکٹ پر 52 رَن بنا لئے تھے۔

بھارت نے حال ہی میں پانچ میچوں کی ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی سیریز میں انگلینڈ پر چار۔ایک سے شاندار جیت درج کی تھی۔ x

**<u>USAID EMPLOYEE LAVE</u>**

بین الاقوامی ترقی کی امریکی ایجنسی USAID نے اعلان کیا ہے کہ براہ راست بھرتی کئے جانے والے، اس کے سبھی اہلکاروں کو دنیا بھر میں انتظامی چھٹی پر رکھا جائے گا۔ یہ فیصلہ ایجنسی کو دفتر خارجہ کے ساتھ ضم کئے جانے کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے حکم کے نافذ ہونے کے بعد کیا گیا ہے۔ اپنی ویب سائٹ پر ایک بیان میں ایجنسی نے کہا ہے کہ وہ دفتر خارجہ کے ساتھ مل کر ایک منصوبہ تیار کررہی ہے، تاکہ بیرون ملکوں میں کام کرنے والے USAID کے اہلکاروں کو 30 دن کے اندر اندر واپس بلایا جاسکے۔ کانگریشنل ریسرچ سروِس سے موصولہ اعداد وشمار کے مطابق USAID کے 10 ہزار سے زیادہ اہلکار ہیں، جن میں سے تقریباً دو تہائی، 60 سے زیادہ ملکوں اور علاقائی مشنوں میں کام کررہے ہیں۔x

## US PANAM CANAL

پناما کینال اتھارٹی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اُس نے پناما نہر سے گزرنے سے متعلق کسی چارج یا حقوق میں کوئی تبدیلی نہیں کی ہے۔ اُس کا یہ بیان امریکی وزارت خارجہ کے اس بیان کے بعد سامنے آیا ہے کہ اس کے سرکاری بحری جہاز بغیر کسی چارج کے نہر سے گزر سکتے ہیں۔ اس دوران اتھارٹی نے کہا ہے کہ وہ جنگی جہازوں کے گزرنے سے متعلق، متعلقہ عہدیداروں کے ساتھ مذاکرات کرنے کو تیار ہے۔ اس سے پہلے دفتر خارجہ نے کہا تھا کہ امریکہ کے سرکاری جہاز اب بغیر کسی فیس کے پناما نہر سے گزرسکتے ہیں۔×

## SRI LANKA TOURISM

سری لنکا میں جنوری 2025 میں سیاحوں کی تعداد میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے۔ اِن میں بھارت سے آنے والے سیاحوں کی تعداد سب سے زیادہ ہے۔ سری لنکا کی سیاحت کے فروغ سے متعلق اتھارٹی نے بتایا کہ دو لاکھ 52 ہزار سے زیادہ سیاح آچکے ہیں، ان میں بھارت کے سیاحوں کی تعداد 17 اعشاریہ دو فیصد ہے۔ روسی وفاق 13 اعشاریہ پانچ فیصد کے ساتھ دوسرے اور انگلینڈ 8 اعشاریہ چھ فیصد کے ساتھ تیسرے مقام پر ہے۔ سال 2024 میں 20 لاکھ سے زیادہ سیاح سری لنکا گئے تھے۔ سری لنکا کی سیاحت کے فروغ سے متعلق اتھارٹی کو امید ہے کہ اس سال سیاحوں کی تعداد 30 لاکھ تک پہنچ جائے گی۔ اس سے پانچ ارب ڈالر کے ریونیو کا نشانہ حاصل ہوگا۔×

## TRUMP WOMEN SPORTS

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک ایگزیکیٹیو حکم نامہ پر دستخط کیے ہیں، جس کے مطابق خواتین کے کھیلوں سے مردوں کو الگ کردیا گیا ہے اور ٹرانس جینڈر خواتین اور لڑکیوں کو بھی خواتین کے کھیلوں میں مقابلے سے ممنوع قرار دے دیا گیا ہے۔ حکم نامے میں ایجنسیوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ ان اسکولوں کو فراہم کی جانے والی وفاقی فنڈنگ واپس لے لیں، جو اس کی تعمیل سے انکار کریں۔

حکم نامے میں محکمہ خارجہ کو بھی ہدایت دی گئی ہے کہ وہ بین الاقوامی اولمپک IOC پر زور دے کر کہ وہ بین الاقوامی سطح پر اس طرح کی تبدیلی کرے اور اہمیت کا تعین جنس کے مطابق کرے نہ کہ صنفی شناخت یا Testosterone میں کمی کے مطابق۔ کل امریکہ میں لڑکیوں اور خواتین کے کھیلوں سے متعلق قومی دن کے موقع پر اس حکم نامے پر دستخط کیے گئے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆